[Published in the Gazette of Pakistan, Extraordinary, Part-1, dated the 9th May, 2021]

ORDINANCE NO. XI OF 2021

AN

ORDINANCE

*further to amend the Elections Act, 2017*

WHEREAS, it is expedient further to amend the Elections Act, 2017 in the manner hereinafter appearing;

AND WHEREAS, the Senate and the National Assembly are not in session and the President of the Islamic Republic of Pakistan is satisfied that circumstances exist which render it necessary to take immediate action;

NOW, THEREFORE, in exercise of the powers conferred by clause (1) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, the President of the Islamic Republic of Pakistan is pleased to make and promulgate the following Ordinance:—

1. **Short title and commencement.**—(1) This Ordinance shall be called the Elections (Second Amendment) Ordinance, 2021.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment in section 94, Act XXXIII of 2017.**—In the Elections Act, 2017 (XXXIII of 2017), In section 94, for sub-section (1), the following shall be substituted namely,—

"(1) The Commission shall, with technical assistance of the National Database and Registration Authority (NADRA), or any other Authority and Agency shall enable overseas Pakistanis to exercise their right to vote during general elections in their country of residence.".

3. **Amendment in section 103, Act XXXIII of 2017.**—In the said Act, for section 103, the following shall be substituted, namely:—

"***Electronic voting.***—The Commission shall procure electronic voting machines (EVMs) for casting of voters in general elections.".

## STATEMENT OF OBJECT AND REASONS

Fair free and transparent elections have been a long outstanding demand of almost all the political parties including PTI. The Election Commission of Pakistan (ECP) is obligated to organize and conduct elections honestly, justly, fairly and in accordance with law and that corrupt practices are guarded against, under Article 218 (3) of the Constitution. Utilization of technology and modern gadgets have become essential to facilitate the ECP for ensuring transparency in elections. Similarly, there is a consensus amongst almost all the political parties to grant voting right to Overseas Pakistanis, which may only be possible by vesting exclusive authority in the ECP to enable Overseas Pakistanis, with technical assistance of NADRA and other agencies, to exercise their right to vote.

2. This Bill is designed to achieve the aforesaid objectives through amending sections 94 and 103 of the Elections Act, 2017.

**(ZAHEER-UD-DIN BABAR AWAN)**
Adviser to the Prime Minister,
on Parliamentary Affairs

[جریدہ پاکستان، غیر معمولی، حصہ اول، مورخہ ۹ مئی ۲۰۲۱ میں شائع ہوا]

# آرڈیننس نمبر ۹ مجریہ ۲۰۲۱ء

## انتخابات ایکٹ ۲۰۱۷ء کو مزید ترمیم کرنے کا آرڈیننس

ہرگاہ کہ، یہ قرین مصلحت ہے کہ انتخابات ایکٹ ۲۰۱۷ء میں بعد ازیں رونما ہونے والے طریقہ کار میں ترمیم کی جائے؛

اور ہرگاہ کہ، سینٹ اور قومی اسمبلی کے اجلاس نہیں ہو رہے اور صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان کو اطمینان حاصل ہے کہ ایسے حالات موجود ہیں جو فی الفور کارروائی کے متقاضی ہیں؛

لہٰذا، اب، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۱) میں تفویض شدہ اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے، صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان نے حسب ذیل آرڈیننس وضع اور جاری کیا ہے؛

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ۔** یہ آرڈیننس انتخابات (ترمیم دوم) آرڈیننس، ۲۰۲۱ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۳۳ بابت ۲۰۱۷ء کی، دفعہ ۹۴ میں ترمیم۔** انتخابات ایکٹ ۲۰۱۷ء (نمبر ۳۳ بابت ۲۰۱۷ء) کی دفعہ ۹۴ میں، ذیلی دفعہ (۱) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

(۱) کمیشن، قومی ڈیٹا بیس و رجسٹریشن اتھارٹی (NADRA) یا کسی بھی دیگر اتھارٹی یا ایجنسی کی تکنیکی معاونت سے سمندر پار پاکستانیوں کو اس قابل بنائے گی کہ وہ اپنے سکونتی ملک سے عام انتخابات کے دوران اپنا حق رائے دہی کو استعمال کر سکیں۔

۳۔ **ایکٹ نمبر ۳۳ بابت ۲۰۱۷ء کی، دفعہ ۱۰۳ میں ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۰۳ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"**الیکٹرانک ووٹنگ مشین۔** کمیشن عام انتخابات میں رائے دہندگان کے ووٹ ڈالنے کے لئے الیکٹرانک ووٹنگ مشین (EVMs) حاصل کرے گا۔"

## بیان اغراض و وجوہ

انتخابات کا منصفانہ، آزادانہ اور شفاف انعقاد پی ٹی آئی سمیت تقریباً تمام سیاسی جماعتوں کا دیرینہ مطالبہ رہا ہے۔ الیکشن کمیشن پاکستان انتخابات کا ایمانداری، حق، انصاف اور قانون کے مطابق انتظام کرنے اور انعقاد کرانے کا ذمہ دار ہے اور یہ کہ دستور کے آرٹیکل ۲۱۸(۳) کے تحت بدعنوانیوں کا سد باب ہوسکے۔ ٹیکنالوجی اور جدید آلات کا استعمال لازم ہو چکا ہے تاکہ الیکشن کمیشن پاکستان کو انتخابات کے حوالے سے شفافیت کو یقینی بنانے میں سہولتیں میسر آسکے۔ اسی طرح، تقریباً تمام سیاسی جماعتوں میں سمندر پار پاکستانیوں کو ووٹ کا حق دینے کی بابت اتفاق رائے پایا جاتا ہے اور جو صرف اسی صورت میں ممکن ہو سکتا ہے کہ الیکشن کمیشن پاکستان کو مکمل خود مختار کیا جائے تاکہ وہ نادرا اور دیگر اداروں کی فنی معاونت کے ذریعے سمندر پار پاکستانیوں کو اپنے ووٹ کا حق استعمال کرنے کے قابل بنا سکے۔

۲۔ بل ہذا انتخابات ایکٹ، ۲۰۱۷ء کی دفعات ۹۴ اور ۱۰۳ میں ترمیم کے ذریعے مذکورہ بالا مقاصد کے حصول کے لیے وضع کیا گیا ہے۔

(ظہیر الدین بابر اعوان)

وزیر اعظم کے مشیر برائے پارلیمانی امور